نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ملتان کا دورہ

ملتان ڈویژن میں سیلاب کی موجودہ صورتحال اور محکمہ زراعت پنجاب کے تحت جاری فیلڈ سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

حالیہ غیر معمولی سیلابی صورتحال نے زرعی معیشت کو نا قابلِ تلافی نقصان پہنچایا ہے۔افتخار علی سہو

لاہور: **07 ستمبر 2025**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ملتان میں قائم فلڈ ریلیف کیمپس کا دورہ کیا۔اس موقع پر سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز خان مکسی، ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر زراعت توسیع ملتان شہزاد صابر اور لائیو سٹاک کے ڈاکٹر اعجاز گورسی بھی ان کے ہمراہ تھے۔اپنے دورہ کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ملتان میں قائم فلڈ ریلیف کیمپس کا دورہ کیا اور متاثرین سیلاب کو عید میلاد النبی ﷺ کی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر انہوں نے متاثرین سیلاب سے کھانے، رہائش اور طبی سہولتوں کے بارے بھی دریافت کیا۔افتخار علی سہو نے کہا کہ حالیہ غیر معمولی سیلابی صورتحال نے زرعی معیشت کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔فصلوں کے نقصان کا تخمینہ لگانے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت 12 سو فیلڈ عملہ فلڈ ڈیوٹی پر مامور ہے۔اب تک 650 ٹرالیاں سبز چارہ متاثرین سیلاب کے جانوروں کے لیے فراہم کیا جا چکا ہے جبکہ 1300 ریڑھوں اور لوڈر رکشوں پر بھی سبز چارہ تقسیم کیا گیا۔مزید براں، محکمہ زراعت کے تحت 7 ہزار من سے زائد توڑی سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے فراہم کی گئی ہے۔اسی طرح 2 ہزار گانٹھ سائیلج بھی متعلقہ منتظمین کے حوالے کی گئی ہیں۔سیکرٹری زراعت نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت کے سرکاری فارمز پر 300 ایکڑ رقبہ پر کاشتہ چارہ بھی سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے وقف کر دیا گیا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ محکمہ زراعت کے 14 بلڈوزر بھی حفاظتی بند مضبوط کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کو فراہم کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆